نیوز ریلیز

کھیلوں میں اپنے شوق کو جاری رکھنے میں تمام بچوں کی مدد کرنا

بجٹ 2024ء کھیلوں اور تفریحی سرگرمیوں کیلئے مالی رکاوٹوں کو ختم کر رہا ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ البرٹا کے ہر بچے کو کھیلوں میں اپنے شوق کو جاری رکھنے کا موقع ملے۔

کھیل بچے کی زندگی کے ابتدائی مراحل میں ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ وہ بچوں کو صحتمند عادات اور زندگی کی بنیادی مہارتیں سکھاتے ہیں جیسے کہ ٹِیم ورک، لِیڈرشپ اور عزم جو انہیں زندگی میں کامیابی کیلئے تیار کرتے ہیں۔

اگر بجٹ 2024ء منظور کر لیا جاتا ہے، تو البرٹا کی حکومت ایوری کِڈ کین پلے پروگرام (Every Kid Can Play Program) کو 8 ملین ڈالر فراہم کرے گی۔ یہ پروگرام صوبے بھر میں البرٹا کے خاندانوں کیلئے رکاوٹوں کو دُور کرتا ہے اور بچوں کے کھیلوں اور تفریحی سرگرمیوں کو مزید قابل رسائی اور قابل استطاعت بناتا ہے۔

"کھیل اور تفریح کے مواقع سب کیلئے قابل استطاعت اور قابل رسائی ہونے چاہئیں، خاص طور پر بچوں اور نوجوانوں کیلئے۔ یہ بڑھنے پھولنے کا ایک اہم حصہ ہے، کھیل ٹِیم ورک سکھاتا ہے، اعتماد پیدا کرتا ہے اور صحت مند طرز زندگی کو فروغ دیتا ہے جو بالغ ہونے تک اچھی طرح سے قائم رہ سکتا ہے۔ مجھے فخر ہے کہ البرٹا کی حکومت اس بات کو یقینی بنا کر کہ ایوری کڈ کین پلے پروگرام ان لوگوں کیلئے دستیاب ہے جو نہایت ضرورت مند ہیں، کھیلوں تک قابل استطاعت رسائی والے خاندانوں کی مدد کر رہی ہے۔"

جوزف شاؤ (Joseph Schow)، وزیرِ سیاحت اور کھیل

"کھیلیں بچوں کی جسمانی اور ذہنی صحت دونوں میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ مَیں بہت خوش ہوں کہ یہ پروگرام بچوں کیلئے اپنے ساتھیوں، سرپرستوں اور کمیونٹیز کے ساتھ صحت مندانہ طریقوں سے جڑنے کو زیادہ آسان اور مزید قابل استطاعت بنائے گا۔"

سرل ٹرٹن (Searle Turton)، بچوں اور خاندانی سروسز کے وزیر

"البرٹا کے بچوں کیلئے قابل استطاعت کھیلیں اور تفریحی مواقع تک رسائی حاصل کرنا ناقابل یقین حد تک اہم ہے۔ مجھے یہ دیکھ کر خوشی ہو رہی ہے کہ بجٹ 2024ء کس طرح البرٹا کے خاندانوں کیلئے مالی رکاوٹوں کو ختم کر رہا ہے تاکہ ان کے بچے ایسے مواقع تک رسائی حاصل کر سکیں جو ان میں زندگی بھر کیلئے اچھی یادیں اور صحتمند عادات پیدا کریں گے۔"

نیتھن نیوڈورف (Nathan Neudorf)، استطاعت اور یوٹیلیٹیز کے وزیر

پروگرام ایوری کڈ کین پلے کے ذریعے، اہل خاندان کھیلوں اور تفریحی سرگرمیوں میں اپنے بچوں کی رجسٹریشن کی تلافی کیلئے کِڈ سپورٹ البرٹا (KidSport Alberta) میں درخواست دے سکتے ہیں۔ مزید برآں، صوبائی اور کمیونٹی کی غیر منفعت بخش تنظیمیں کھیلوں اور

تفریحی پروگراموں تک رسائی بڑھانے کیلئے گرانٹ فنڈنگ کیلئے درخواست دے سکتی ہیں۔ پچھلے سال، اس پروگرام نے 8,500 بچوں اور نوجوانوں کی زندگیوں کو تبدیل کرنے کیلئے 8 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی تھی جبکہ البرٹا بھر میں بچوں اور نوجوانوں پر مرکوز کمیونٹی کی سطح کے 50 پروگراموں کی مدد کی تھی۔

مطابقت پذیر تفریحی اور کھیلوں کی تنظیموں کی سپورٹ کرنا البرٹا کے بچوں کی چیمپئن شمولیت میں مدد کرکے کھیل کی طاقت کی مثال پیش کرتا ہے اور دنیا کو دکھاتا ہے کہ کھیلیں سب کیلئے ہیں۔ یہ تنظیمیں البرٹا کے بچوں کو زندگی بدلنے والے مواقع اور تجربات سے جوڑنے میں مدد دیتی ہیں جو ان میں بلوغت میں اچھی طرح سے جوش پیدا کرتا ہے۔

بجٹ 2024ء صحت کی نگہداشت اور تعلیم کو مضبوط بنانے، محفوظ و معاون کمیونٹیز کی تشکیل دینے، صوبے کے وسائل کا دانش مندی سے انتظام و انتصرام کرنے اور البرٹا کے مسابقتی فائدے کو جاری رکھنے کیلئے ملازمتوں کی تخلیق کو فروغ دینے کا ایک ذمہ دارانہ منصوبہ ہے۔

فوری حقائق

- ایوری کِڈ کین پلے پروگرام 2022ء میں ریٹرن ٹو پلے پروگرام (Return to Play program) کیلئے حکومت کی 4.5 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی کامیابی پر مبنی ہے جو مالی رکاوٹوں والے خاندانوں کو کھیل، جسمانی سرگرمی اور تفریح میں حصہ لینے کی ترغیب دینے کیلئے تیار کیا گیا تھا۔

متعلقہ معلومات

- کِڈز سپورٹ البرٹا
- ایوری کِڈ کین پلے پروگرام

ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس دیکھیں

میڈیا انکوائریز

کیون لی (Kevin Lee)

587-785-4366
پریس سیکریٹری سیاحت و کھیل